# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 08 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ رواں مالی سال کی حقیقی GDP میں سات اعشاریہ چار فیصد اضافے کی اُمید۔

☆ بلدیاتی انتخابی مہم زوروں پر؛ بعض مقامات پر پارٹیوں کے درمیان تنازعات۔

☆ بی جے پی‘ کانگریس اتحاد سے ناخوش؛ امبرناتھ کی کانگریس کمیٹی تحلیل۔ بی جے پی نے آکوٹ میں اے آئی ایم آئی ایم کے ساتھ اتحاد کے تعلق سے متعلقہ افراد کو جاری کیا نوٹس۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ سمیت وِدربھ میں درجۂ حرارت میں کمی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

رواں مالی سال کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حقیقی GDP میں سات اعشاریہ چار فیصد اضافہ متوقع ہے جو کہ گذشتہ مالی سال میں چھ اعشاریہ پانچ فیصد تھا۔ اعداد وشمار اور پروگرام کے نفاذ کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ مینوفیکچرنگ اور تعمیراتی شعبوں میں ترقی کی وجہ سے اقتصادی ترقی کی شرح سات فیصد سے تجاوز کرسکتی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں بلدیاتی انتخابات کے پس منظر میں سیاسی جماعتوں کی انتخابی مہم زور پکڑ گئی ہے اور مقامی سطح پر کارکنوں اور عہدیداروں کے درمیان انتخابی مہم کو آگے بڑھانے کا مقابلہ ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل لاتور میں ایک جلسۂ عام میں شرکت کی۔ انھوں نے یقین دلایا کہ لاتور کو ایک جدید شہر بنانے کیلئے ضروری شہری سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ پھڑنویس نے کہا کہ ریاست کی تشکیل میں سابق وزیرِ اعلیٰ آنجہانی ولاس راؤ دیشمکھ نے جو تعاون دیا ہے وہ انمول ہے اور وہ ان کا بے حد احترام کرتے ہیں۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ بی جے پی کے ریاستی صدر رویندر چوہان کے دیشمکھ کے بارے میں بیان کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے۔

دریں اثناء چوہان کے بیان کے خلاف کل لاتور کے قریب بابھل گاؤں میں بند منایا گیا۔ لاتور میں مجوزہ بند‘ رکنِ اسمبلی امیت دیشمکھ کی اپیل کے بعد واپس لے لیا گیا۔

این سی پی کے سربراہ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے کل پونے کے شیواجی نگر قصبہ، کوتھروڑ اور پروتی علاقوں میں روڈ شو کے ذریعے مہم چلائی۔

بی جے پی نے پونے میونسپل کارپوریشن کے انتخابات کیلئے اپنا منشور جاری کیا، جبکہ کولہاپور میں کانگریس پارٹی کا منشور رکنِ پارلیمان شاہو چھترپتی اور رکنِ اسمبلی ستیج پاٹل نے جاری کیا۔

***** ***** *****

دریں اثناء یہ بھی دیکھا جارہا ہے کہ انتخابی مہم کے دوران بعض مقامات پر پارٹی کے درمیان جھگڑے بھی شروع ہورہے ہیں۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں انتخابی مہم کے دوران کچھ نوجوانوں نے سابق رکنِ پارلیمان سیّد امتیاز جلیل کی گاڑی پر حملہ کیا۔ کل دوپہر پیش آنے والے اس واقعے کے سلسلے میں پولس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی گئی ہے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں راشٹروادی کانگریس پارٹی کے اُمیدوار ڈاکٹر میور سونو نے کے دفتر کو نذرِ آتش کرنے کی کوشش سامنے آئی ہے۔ کل صبح ساڑھے چار بجے کے قریب پیش آنے والا یہ واقعہ سی ٹی وی میں قید ہوگیا۔ اس سلسلے میں پولس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی گئی ہے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں جالنہ ضلعے کے ایک رکنِ اسمبلی کے بھائی نے ایک شخص پر چاقو سے حملہ کیا اور اس کی چار پہیہ گاڑی کی توڑ پھوڑ کی۔ پولس نے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے، تاہم بتایا جاتا ہے کہ ملزم کچھ ہی دیر میں تھانے سے فرار ہوگیا۔ ملزم کا نام شیام سندر اُڈھان ہے۔

***** ***** *****

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ریاست کے میونسپل کونسل اور پنچایتوں کے انتخابات کے بعد بی جے پی کے مقامی نمائندوں کے ایم آئی ایم اور کانگریس کے ساتھ طئے پانے والے مقامی سطح کے سمجھوتے پر ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے ملوث افراد کے خلاف تادیبی کارروائی کا انتباہ دیا ہے۔

تھانے میں بی جے پی نے کانگریس اور این سی پی کے ساتھ مل کر امبر ناتھ وکاس آگھاڑی بنائی۔ اسی طرح آکوٹ میں ایم آئی ایم کے ساتھ سمجھوتہ کیا ہے۔ پھڑنویس نے کہا ہے کہ یہ سمجھوتے برداشت نہیں کیے جائیں گے۔

آکوٹ میں ایم آئی ایم کے ساتھ اتحاد کے معاملے میں بی جے پی نے رکنِ اسمبلی پرکاش بھارساکھڑے کو نوٹس جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا کے رکنِ پارلیمان شریکانت شندے نے بی جے پی قائدین کے مقامی پارٹیوں کے ساتھ اتحاد کرنے کے فیصلے کو غلط قرار دیتے ہوئے تنقید کی۔ وہ ناسک میں انتخابی ریلی کے بعد صحافیوں سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

دریں اثناء کانگریس نے امبر ناتھ میں بلاک کمیٹی کے صدر پردیپ پاٹل سمیت پارٹی کے تمام کارپوریٹرس کو پارٹی سے معطل کردیا ہے۔ یہ کارروائی ریاستی صدر ہرش وردھن سپکال کے حکم پر بی جے پی کے ساتھ اتحاد کرنے کیلئے کی گئی ہے۔ کانگریس نے اس سلسلے میں ایک خط میں کہا ہے کہ یہ اتحاد غلط ہے اور پارٹی نظم وضبط کے خلاف ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی نائب صدر ہدایت پٹیل کا کل علی الصبح اکولہ میں دورانِ علاج انتقال ہوگیا۔ ان کی عمر 73 برس تھی۔ آکولہ کے موہالہ گاؤں میں پٹیل پر چاقو سے حملہ کیا گیا تھا۔ پولس نے اس معاملے میں عبید پٹیل نامی نوجوان کو گرفتار کیا ہے۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلعے میں کل سات خواتین سمیت 26 نکسلیوں نے خودسپردگی کی۔ پولس سپرنٹنڈنٹ کرن چوہان نے کہا کہ چھتیس گڑھ کی بازآبادکاری اسکیم کے تحت ان سبھی نے پولس اور CRPF حکام کے روبرو خودسپردگی کی۔ ان نکسلیوں پر کُل 64 لاکھ روپئے کا انعام تھا۔

***** ***** *****

ریاست کے 24 شکر کارخانوں نے نیشنل کوآپریٹیو ڈیولپمنٹ کارپوریشن سے حاصل کردہ قرض کو دوسرے مقاصد کیلئے استعمال کرنے کا انکشاف ہواہے۔کارپوریشن نے ریاست میں کُل 30 فیکٹریوں کو چار ہزار 355 کروڑ روپئے کے قرضے تقسیم کیے تھے۔جون اور جولائی میں ایک معائنہ کیا گیا تھا کہ ان فیکٹریوں نے قرضوں کا استعمال کیسے کیا؟ معلوم ہوا ہے کہ 21 شکر کارخانوں نے قرضوں کی تقسیم کے قوانین کی سنگین خلاف ورزی کی اور تین کارخانوں نے کسی حد تک خلاف ورزی کی۔

ریاستی حکومت نے ان کارخانوں کے خلاف مزید کارروائی کیلئے شوگر کمشنر کی صدارت میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔کمیٹی کو معاملے کی تحقیقات اور کارروائی کی سفارش کیلئے دو ہفتے کا وقت دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کیلئے بی جے پی کے انتخابی گیت کی اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے۔اس گیت میں لفظ بھگوا یعنی زعفرانی استعمال کیا گیا تھا۔کمیشن نے کہا کہ سیاسی مہم میں مذہبی علامتوں کا استعمال ضابطۂ اخلاق کے مطابق ممنوع ہے‘اس لیے اس لفظ کا استعمال قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں ودربھ کے چند مقامات پر کم سے کم درجہ حرارت میں نمایاں کمی آئی ہے،جبکہ مراٹھواڑہ میں بھی میں درجۂ حرارت قدرے کم ہوا ہے۔کل سب سے کم درجہ حرارت گوندیا ضلع میں ساڑھے سات ڈگری سیلسیس درج ہوا‘ جبکہ ناگپور میں آٹھ ڈگری سیلسیس‘ اہلیا نگر میں ساڑھے نو ڈگری سیلسیس، جلگاؤں، ناندیڑ اور پربھنی میں تقریباً ساڑھے دس ڈگری سیلسیس اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں ساڑھے گیارہ ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں آج رائے دہی مراکز کے ذمہ داران اور رائے دہی افسران کیلئے ایک تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا جارہا ہے۔یہ تربیت دو مرحلوں میں دی جائے گی۔میونسپل کمشنر اور انتخابی افسر جی شری کانت نے اس سے قبل کے تربیتی پروگرام میں شرکت نہ کرنے والے متعلقہ افسران اور ملازمین سے اس تربیت میں شریک ہوکر ممکنہ کارروائی سے بچنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ میونسپل کارپوریشن کی حدود میں لائسنس یافتہ شہریوں کے پاس موجود ہتھیاروں کو انتخابات کے دوران جمع کروانے کی ہدایت دی گئی ہے۔انتخابی ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے بعد سے اب تک لائسنس یافتہ شہریوں کی جانب سے کُل 245 میں سے 214 ہتھیار مختلف پولس اسٹیشنوں میں جمع کروائے گئے ہیں۔میونسپل کارپوریشن دفتر کے مطابق انتخابات ختم ہونے کے بعد یہ اسلحہ متعلقین کو واپس کر دیا جائے گا۔

***** ***** *****

پربھنی کے ضلع کلکٹر سنجے سنگھ چوہان نے مردم شماری 2027 کی تیاری کیلئے تربیتی ورکشاپ میں تمام افسران اور ملازمین کو مردم شماری کے کام کیلئے درست معلومات اکٹھا کرنے کیلئے مناسب منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت دی ہے۔وہ کل‘تربیتی ورکشاپ سے خطاب کررہے تھے۔ضلع کلکٹر چوہان نے بتایا کہ مردم شماری کیلئے جدید ترین ٹیکنالوجی کے ذریعے معلومات اکٹھی کی جائیں گی،اور آبادی کا درست اور قابل اعتماد ڈیٹا حاصل کرنے کیلئے ایک موبائل ایپلیکیشن کا استعمال کیا جائے گا۔

***** ***** *****

بیڑ کے شاعر انیل کمار ہولکر کی ’’بُھرَ رڈ وڑیانچی‘‘ فلم نے مغربی بنگال بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں بہترین کہانی نویسی اور بہترین نغمہ نگاری زمرے کے ایوارڈس اپنے نام کیے ہیں۔ پربھات کمار فلمز کی تخلیق کردہ یہ فلم اس سے قبل بین الاقوامی سطح پر بہترین نغمہ نگاری کا ایوارڈ بھی حاصل کر چکی ہے۔ یہ فلم کُل ہند مراٹھی فلم ساز ادارے کے فلم فیسٹیول 2025 میں نمائش کیلئے پیش کی گئی تھی۔

***** ***** *****

## :::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ رواں مالی سال کی حقیقی GDP میں سات اعشاریہ چار فیصد اضافے کی اُمید۔

☆ بلدیاتی انتخابی مہم زوروں پر؛ بعض مقامات پر پارٹیوں کے درمیان تنازعات۔

☆ بی جے پی، کانگریس اتحاد سے ناخوش؛ امبرناتھ کی کانگریس کمیٹی تحلیل۔ بی جے پی نے آکوٹ میں اے آئی ایم آئی ایم کے ساتھ اتحاد کے تعلق سے متعلقہ افراد کو جاری کیا نوٹس۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ سمیت وِدربھ میں درجۂ حرارت میں کمی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****